© rasailojaraid.com



# کتاب نما

**اسلامی نظام: ایک فریضہ، ایک ضرورت: از ڈاکٹر یوسف القرضاوی۔ مترجم: محمد طفیل انصاری۔ ناشر: البدر پبلی کیشنز، اردو بازار لاہور۔ صفحات: ۳۱۲۔ قیمت: ۶۰ روپے۔**

یہ کتاب عالمِ اسلام کے معروف دانش ور اور ادیب ڈاکٹر یوسف القرضاوی کی زیرِ نظر تصنیف "الحل الاسلامی، فریضۃ و ضرورۃ" کا اردو ترجمہ ہے۔ ایک محقق اور مفکر کی حیثیت سے موصوف کا مقام بہت بلند ہے۔ انھوں نے اپنی تحریروں کے ذریعے نئی نسل کے ذہنوں سے شکوک و شبہات کے جالوں کو صاف کرنے اور ان کے اسلامی شعور کو بیدار کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔ وہ محض ادیب نہیں، دعوتِ دین کے سلسلے میں عملی تجربے سے بھی مالا مال ہیں۔ ان کی تصانیف غلبۂ اسلام کی جدوجہد میں مصروف لوگوں کے لیے، خاص طور قابلِ توجہ رہی ہیں۔ زیرِ نظر کتاب بھی انھی خصوصیات کی آئینہ دار ہے۔

زیرِ نظر کتاب پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ مصنف نے اسلامی نظام کے لیے انقلاب کی ضرورت و اہمیت واضح کرنے کے بعد، اسلامی نظام کے خدوخال اور اس کے فوائد بیان کیے ہیں، پھر ان شرائط کا ذکر کیا ہے جنھیں پورا کیے بغیر اسلامی نظام کا قیام ممکن نہیں ہے۔ ان شرائط میں اسلامی حکومت کا قیام، صرف ماخذِ اسلام سے استفادہ، پورے دین پر عمل، اسلام پر استقامت، اسلام ہی کو مقصدِ حیات بنانا اور اس کے ذریعے مادی خوشحالی اور دنیاوی سربلندی کے حصول کی کوشش شامل ہیں۔ مختصر یہ کہ فاضل مصنف نے اسلام کو ایک قابلِ عمل اور نتیجہ خیز اجتماعی تحریک کی حیثیت سے متعارف کرایا ہے۔ ان کے نزدیک اس تحریک میں یہ صلاحیت ہونی چاہیے کہ یہ بتدریج نہ صرف مسلم معاشرے کے اندر اپنی تائید و حمایت اور اثرات کا دائرہ وسیع کرتی جائے بلکہ بیرونی طاقتوں اور قومی جماعتوں کی مخالفانہ سرگرمیوں اور اندرونی کمزوریوں پر قابو پانے کی صلاحیت بھی رکھتی ہو۔ اس ضمن میں ڈاکٹر یوسف القرضاوی نے ماضی کی اسلامی تحریک کی کامیابیوں اور ناکامیوں کا جائزہ بھی لیا ہے۔ فاضل مصنف کا انداز عالمانہ اور محققانہ ہے۔ مسائل کے تجزیے میں، عملی طرزِ فکر اور مدلل انداز نے کتاب کی افادیت کو دوچند کر دیا ہے۔

© rasailojaraid.com